# کرایہ داروں کو اندرون میں الرجی زا چیزوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے
# (2018 کا مقامی قانون 55)

الرجی زا چیزیں ماحول میں موجود وہ چیزیں ہوتی ہیں جو اندرون میں ہوا کے معیار کو خراب بنا دیتی ہیں۔ ان کی وجہ سے دمہ کے دورے پڑ سکتے ہیں یا وہ دمہ کی علامات کو بدتر بنا سکتی ہیں۔ اندرون میں دمہ کے عمومی محرکات میں جھینگر اور موش؛ پھپھوند اور بھکڑی؛ اور تیز بو والے کیمیکلز، جیسے صفائی کے کچھ پروڈکٹس شامل ہیں۔ ماحولیاتی اور ساختیاتی حالات، جیسے دیواروں میں سوراخ اور دراڑیں اکثر ناقص رکھ رکھاؤ والے گھروں میں پائی جاتی ہیں، جو اعلی تر درجے کی الرجی زا چیزوں کا باعث بنتی ہیں۔

**نیو یارک سٹی کے قانون کا تقاضا ہے کہ مکان مالکان اپنے کرایہ داروں کے گھروں کو کیڑے مکوڑوں اور پھپھوند سے پاک رکھنے کے اقدامات کریں۔ اس میں ان مسائل کا سبب بننے والے حالات کو ٹھیک کرنا شامل ہے۔ کرایہ دار بھی اندرون میں الرجی زا چیزوں کو روکنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔**

## کرایہ داروں کو چاہیے کہ:

- گھروں کو صاف اور خشک رکھیں۔
- تیز بو والی کیڑے مار دوائیں اور کیمیکلز (مثلاً، صفائی والے پروڈکٹس اور ایئر فریشنرز) استعمال کرنے سے پرہیز کریں۔
- غذا کو مہر بند ڈبوں میں رکھیں۔ کاؤنٹرز اور سنک کو صاف رکھیں۔ منتشر چیزوں جیسے اخبارات اور کاغذی تھیلوں سے چھٹکارا پائیں۔
- اگر کیڑے مکوڑے، پانی کا رساؤ ہو، یا دیواروں اور فرش میں سوراخ اور دراڑیں ہوں تو مکان مالکوں یا عمارت کے مہتمموں (جو سپرز کے بطور بھی معرف ہیں) اسی وقت بتا دیں۔
- مضبوطی سے بند ہونے والے ڈھکن والے کچرے کے ڈبے رکھیں۔
- کوئی درکار مرمتیں انجام دینے کے لیے عمارت کے عملہ کو اندر آنے دیں۔
- کچرے اور ری سائیکلنگ کو روزانہ باہر نکالیں، اور کچرے کے تھیلوں کو کمپیکٹر شوٹس میں ڈالنے سے پہلے انہیں باندھ دیں۔
- اگر مکان مالکان یا سپرز مسئلے کو ٹھیک نہیں کرتے ہیں یا اگر مرمتی کام غیر محفوظ ڈھنگ سے انجام دیا جا رہا ہو تو **311** پر کال کریں۔

**اگر آپ کرایہ دار ہیں اور آپ کو یا آپ کے بچے کو معتدل یا شدید دائمی دمہ ہے، اور آپ کے گھر میں کیڑے مکوڑے یا پھپھوند ہوں تو، آپ کا ڈاکٹر نیو یارک سٹی کے محکمۂ صحت کی آن لائن رجسٹری کے ذریعے آپ کے لیے ایک مفت گھر کے ماحول کے معائنے کی درخواست کر سکتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے اپنے ڈاکٹر سے بات کریں یا 311 پر کال کریں۔**

مکان مالک کی ذمہ داریوں اور اندرون میں الرجی زا خطرات کو بحفاظت ٹھیک کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، اس حقائق نامہ کی عقبی سمت دیکھیں۔

**دمہ کو بحفاظت کنٹرول کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health/asthma ملاحظہ کریں۔**



NYC Department of Health & Mental Hygiene | Department of Housing Preservation & Development

# گھروں کو کیڑے مکوڑوں اور پھپھوند سے پاک رکھنے کے لیے مکان مالکان پر کیا کام کرنا لازم ہے

**نیو یارک سٹی کا قانون تین یا زائد اپارٹمنٹس والی تمام نجی عمارتوں کے مالکان سے اپنے کرایہ داروں کے گھروں کو کیڑے مکوڑوں اور پھپھوند سے پاک رکھنے کا متقاضی ہے۔ یہ قانون ان رہائشی اکائیوں (جیسے، کو آپس، کونڈوز، پناہ گاہوں، یا عوامی رہائش) کے مکان مالکان پر بھی لاگو ہوتا ہے جہاں کرایہ دار کو دمہ ہو۔ اس میں ان مسائل کا سبب بننے والے حالات کو بحفاظت ٹھیک کرنا شامل ہے۔**

**تمام مکان مالکان پر انٹیگریٹڈ پیسٹ مینیجمنٹ (integrated pest management, IPM)** کے طرز عمل کا استعمال کرنا لازم ہے تاکہ کیڑے مکوڑوں کا بحفاظت نظم کیا جائے اور عمارت سے متعلق ان مسائل کو ٹھیک کیا جائے جو کیڑے مکوڑوں کے مسائل کا سبب بنتے ہیں۔

- کیڑے مکوڑوں والی جالیاں ہٹائیں اور HEPA ویکیوم استعمال کر کے کیڑے مکوڑوں کے فضلات اور دیگر ملبے کو اچھی طرح صاف کریں۔ صفائی کرتے وقت دھول کا پھیلاؤ محدود کرنے کو یقینی بنائیں۔
- دیواروں، چھتوں، فرش، مولڈنگ، بیس بورڈز میں، پائپوں اور نالیوں کے آس پاس، اور خانوں کے آس پاس اور ان کے اندر کسی سوراخ، خلا یا دراڑوں کی مرمت اور انہیں مہر بند کریں۔
- گلیاروں، تہ خانوں یا باہر کی طر ف جانے والے تمام دروازوں میں ڈور سویپس منسلک کریں۔
- نالوں، ٹونٹیوں اور نل سازی کے ان دیگر مٹیریلز کی مرمت کر کے جہاں پانی جمع ہوتا ہے یا لیک کرتا ہے کیڑے مکوڑوں کے مدنظر پانی کے سارے مآخذ ہٹا دیں۔
- کیڑے مار دوائیں کفایتی طور پر استعمال کریں۔ اگر خلاف ورزی کو درست کرنے کے لیے کیڑے مار دوا کا استعمال ضروری ہو تو، لازم ہے کہ وہ نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ سے لائسنس یافتہ پیسٹ پروفیشنل کے ذریعے لگائے جائیں۔

**تمام مکان مالکان پر لازم ہے کہ اندرون کے پھپھوند کو بحفاظت ہٹائیں** اور پھپھوند کا سبب بننے والے مسائل کو بحفاظت ٹھیک کریں۔

- کسی ٹھہرے ہوئے پانی کو ہٹائیں، اور رساؤ یا نمی کے حالات کو ٹھیک کریں۔
- فرنیچر کو کام کی جگہوں سے دور کر دیں یا صفائی کرنے سے قبل پلاسٹک کی چادر سے ڈھک دیں۔
- دھول کا پھیلاؤ کم کریں۔ دہانے (مثلاً، دروازوں کے راستے، ہوا داری والی نلکیاں) مہر بند کرنے جیسے طریقے استعمال کریں اور پھپھوند والے حصے کو صاف کرنے سے پہلے پانی اور صابن یا ہلکے ڈٹرجنٹ سے ہلکی سی پھوار دیں۔
- پھپھوند والے حصے پانی اور صابن یا ہلکے ڈٹرجنٹ سے صاف کریں۔ صاف کردہ حصے کو پوری طرح سے خشک کریں۔
- کام کے حصے سے کسی مرئی دھول کو گیلی صافیوں یا HEPA ویکیومز سے صاف کریں۔
- صفائی سے متعلق تمام کچرے کو ہیوی ڈیوٹی والے پلاسٹک کے تھیلوں میں الگ ڈالیں اور بحفاظت مہر بند کریں۔
- 10 یا زائد اپارٹمنٹس والی عمارت میں 10 مربع فٹ یا زائد پھپھوند کی صفائی کرنے کے لیے، مکان مالکوں پر نیو یارک محکمۂ محنت سے لائسنس یافتہ پھپھوند کے تشخیص کار اور تدبیر ساز کا استعمال کرنا **لازم ہے**۔ ان لائسنس یافتہ کارکنان پر نیو یارک سٹی کے انتظامی ضابطہ کے سیکشن 154-24 اور نیو یارک اسٹیٹ کے محکمۂ محنت کے آرٹیکل 32 کی تعمیل کرنا لازم ہے۔

**تین یا زائد اپارٹمنٹس والی نجی عمارتوں کے مالکان پر بھی لازم ہے کہ:**

- **ہر اپارٹمنٹ اور عمارت کے عمومی حصوں کا معائنہ** جھینگروں اور حشرات کی ابتلا، پھپوند اور دیگر ایسے حالات کے مدنظر جو ان خطرات کا سبب بنتے ہیں، کم از کم سال میں ایک بار یا اگر ضروری ہو تو زیادہ مرتبہ کریں۔ کرایہ دار کی شکایات یا معائنہ کی درخواستوں پر جوابی اقدام کریں۔
- **اس حقائق نامہ کی ایک کاپی** اور ایک نوٹس ہر کرایہ دار کی لیز کے ساتھ فراہم کریں جو اندرون میں الرجی زا چیزوں سے عمارت کو پاک رکھنے کی مکان مالکوں اور کرایہ داروں کی ذمہ داریاں واضح طور پر بتاتا ہو۔
- یقینی بنائیں کہ خالی اپارٹمنٹ میں نئے کرایہ دار کے منتقل ہو کر آنے سے پہلے ان کی اچھی طرح صفائی کی جاتی ہے **اور کیڑے مکوڑوں اور پھپھوند سے پاک کیا جاتا ہے۔**

**ذمہ داریوں اور اندرون میں الرجی زا چیزوں کے خطرات بحفاظت ٹھیک کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/hpd ملاحظہ کریں اور "indoor allergen hazards" (اندرون میں الرجی زا چیزوں کے خطرات) تلاش کریں۔**